## ترکیہ: کشتی کوسٹ گارڈ سے ٹکرا گئی، 5 تارکین وطن جاں بحق

**تصادم کے نتیجے میں کشتی میں سوار متعدد افراد سمندر میں گر گئے، ایک شخص لاپتہ، ایک شدید زخمی**

## بھارتی میڈیا ایک بار پھر فالس فلیگ آپریشنز کی فضا ہموار کرنے میں مصروف

**بھارت عالمی سطح پر پاکستان کو بدنام کرنے کے لیے مسلسل جھوٹا پراپیگنڈا کر رہا ہے، رپورٹ**

## آئیوری کوسٹ میں دریائی گھوڑے نے حملہ کر کے کشتی ڈبو دی

**11 افراد لاپتہ ہو گئے، لاپتہ ہونے والوں میں خواتین، چھوٹی بچیاں اور ایک بچہ شامل**

## شامی وزیر خارجہ سے سعودی امدادی ایجنسی کے سربراہ کی ملاقات

**شام میں جاری سعودی انسانی ہمدردی کے منصوبوں کا جائزہ اور آئندہ کے اقدامات پر تبادلہ خیال**

## یرغمالیوں کی رہائی اور تخفیف اسلحہ پر مشروط غزہ جنگ کا خاتمہ ہوسکتا ہے، اسرائیل

## کولڈ پلے اسکینڈل، کرسٹن کیبوٹ اور اینڈریو کیبوٹ کے درمیان طلاق کی تصدیق

## لندن میں ریلوے ملازمین کی ہڑتال سفری نظام درہم برہم، لاکھوں شہری متاثر

## قبرص اور امارات کے یورپی زیر سمندری کیبل منصوبے پر مذاکرات

**یہ منصوبہ یورپ کو مشرقی بحیرہ روم سے جوڑنے کے لیے تیار کیا جا رہا ہے، رپورٹ**

## فلسطینی وفد کو ویزا نہ ملنے پر یو این کانفرنس جنیوا میں کرانے کے مطالبات

**اجلاس میں اعلیٰ سطح کے مباحثے 23 سے 27 ستمبر تک ہوں گے، سیشن 29 ستمبر کو ختم ہو گا**

## قطر نے حماس پر ٹرمپ کی تجویز قبول کرنے پر زور دیا ہے، ذرائع

**اسے امریکا کی طرف سے کچھ تجاویز موصول ہوئی ہیں جن پر وہ غور کر رہی ہے، رپورٹ**

## میکسیکو، ٹرین اور ڈبل ڈیکر بس میں تصادم، 10 افراد ہلاک

## روس کا یوکرین پر فضائی حملہ، کیف میں سرکاری دفاتر تباہ، 4 افراد ہلاک

## سعودی وزیر خارجہ کی نئی برطانوی ہم منصب سے ٹیلی فونک بات چیت

## سعودی رائل ریزرو نے تین نئے ماحولیاتی منصوبوں کا آغاز کر دیا

**ماحولیاتی منصوبے روئیدگی اور جنگلی حیات میں اضافے کا باعث بنیں گے، رپورٹ**

## آسٹریا کی برآمدات 3.1 فیصد کمی، درآمدات میں اضافہ

**برآمدات میں کمی بنیادی طور پر امریکہ اور سوئٹزرلینڈ کے ساتھ تجارت کی وجہ سے ہوئی، رپورٹ**

## جنگ کے اگلے روز حماس کی کوئی حکمرانی نہیں ہوگی، فلسطینی صدر

**حماس کو اپنا اسلحہ فلسطینی اتھارٹی کے حوالے کرنا ہوگا، کیونکہ ہم ایک غیر مسلح ریاست چاہتے ہیں، گفتگو**




SUPER VISA INSURANCE

Get Full REFUND if visa is declined

Get partial refund if parents leave early*

*conditions apply.... Ask NOW for a free quote...

Sanjiv Puri
Insurance Broker
Ph.: 416-890-3232
Email: sanjivpuri@rogers.com

StarLife Insurance & Investments Inc.
www.starlifeinsurance.ca

RESP FOR YOUR CHILD

Eligible families Will Get $500 On Opening RESP

Get BONUS upto $7500 | Get Govt. Grant upto $7200
Get CLB upto $2000 | NO SALES CHARGES

Child Will Get All Funds In 1st Six Months Of Admission In College/University (Conditions Apply)

LIFE INSURANCE I FUNERAL INSURANCE I MORTGAGE INSURANCE I CRITICAL ILLNESS INSURANCE I DISABILITY INSURANCE
SUPER VISA INSURANCE I INSURANCE FOR VISITORS / NEW IMMIGRANTS I RESP I ESTATE PLANNING I RRSP I RETIREMENT PLANNING

IATA · PIA · GULF AIR · tico.ca REG. # 50011650

Please Call Us For UMRAH PACKAGES With Full Accommodation And Transport Both In Mekkah And Medina

FLY TIME TRAVEL

lowest fares ever..!!

عمرہ پیکج کیلئے کال کریں
مکہ اور مدینہ میں رہائش اور ٹرانسپورٹ
کی سہولیات کے ساتھ



Emirates · BRITISH AIRWAYS · Lufthansa · AIR CANADA · AIR FRANCE

Call Us Now For The Best Fares...
TEL 416-696-7256
Or Call Toll Free:
1-866-281-2677
Thorncliffe Mall, Lower Level
45 Overlea Blvd. Suite # B27 Toronto, ON M4H 1C3
e-mail: flytimetravel@bellnet.ca

ہوائی سفر کے بہترین کرائے کی ضمانت!

Pakland TRAVEL

Wherever you want to go!

ہمارے پاس عمرہ اور پاکستان کیلئے انتہائی سستے داموں ٹکٹ دستیاب ہیں

PIA Special Seat Sale

TICO
Phone: 905-566-5666
Toll Free: 1-866-566-6066
Fax: 905-566-1677
paklandtravel@hotmail.com

3025 Hurontario Street, Suite 303, Mississauga, Ontario L5A 2H1

پاک لینڈ ٹریول

HARMAIN TRAVEL LTD

حرمین ٹریول لمیٹڈ

"WE MAKE YOUR TRAVEL SMOOTH AS SILK"



Dir: 647 702 7865
Call: 905-232-8788

GUARANTEED LOWEST AIRFARES AVAILABLE WORLDWIDE

KLM · AIR CANADA · AIR FRANCE

SPECIALIZED IN PAKISTAN, INDIA, BANGLADESH, MIDDLE EAST, EUROPE, AMERICAS AND FAR EAST.

Emirates · ETIHAD · PIA · BRITISH AIRWAYS

214-3050 Confederation Pkwy. Mississauga ON L5B 3Z6
Email: info@harmaintravel.com    Web: www.harmaintravel.com    tico.ca

Your trusted Real Estate connection in the city of KINGSTON Ontario.

CENTURY 21

Message me if you are

- Planning to invest in Real Estate in Kingston
- Moving to Kingston
- Or sending your children to Queens University or St. Lawrence College for education



Ahmad Nawaz
Sales Representative
Century21 Champ Realty Ltd; Brokerage
1642 Bath Rd. Kingston, ON, K7M 4X6
ahmad.nawaz@century21.ca
Cell: 613-539-1458

## بقیہ 1

عزم کے ساتھ سامنے آنا ہوگا۔
آج دریا فریاد کر رہا ہے اور اگر ہم نے اب بھی نہ سنا تو آنے والا کل آج سے زیادہ تباہی اور بربادی لے کر آئے گا۔ اب بھی وقت ہے دریا کو بہنے دو تاکہ زندگی باقی رہے۔

## بقیہ 2

بھکاری آئے اور انھوں نے دست سوال دراز کر دیا' ہم انھیں رقم دینے لگے لیکن پھر سفید کپڑوں میں ایک صاحب آئے' انھوں نے ان سے بات کی اور موبائل فون سے ان کی ویڈیو بنائی' تمام بھکاری فوراً فرار ہو گئے' ازبک خواتین بہت بااعتماد اور محنتی ہیں' یہ پورے ملک میں پورے اعتماد کے ساتھ چلتی پھرتی نظر آتی ہیں اور کوئی ان کی طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتا' یہ دفتروں سے لے کر دکانوں تک ہر قسم کا کام کرتی ہیں اور ان کے چہرے پر ذرا برابر تھکاوٹ یا بے زاری نظر نہیں آتی' یہ پورے اعتماد کے ساتھ چلتی ہیں' ہوٹلوں اور ریستورانوں کا عملہ بہت ٹرینڈ اور نفیس ہے۔
دھیمے لہجے میں بات کرتا ہے اور دوسروں کی دل سے خدمت کرتا ہے' خریداری میں تاہم کھل کر بارگیننگ ہوتی ہے' نرخ فکس نہیں ہیں' دکان دار دس لاکھ سم مانگے گا اور سودا دو لاکھ میں ہو جائے گا' کرنسی بہت کمزور ہے' ایک ڈالر کے ساڑھے بارہ ہزار سم ملتے ہیں' سو ڈالر تبدیل کرائیں تو آپ کو ساڑھے بارہ لاکھ سم مل جائیں گے یوں آپ لاکھ پتی ہو جائیں گے لیکن آپ اگر ایک مرتبہ واش روم چلے جائیں تو چوکی دار آپ سے تین ہزار سم وصول کر لے گا' پانی کی بوتل بھی تین ہزار سے لے کر تیس ہزار سم میں آتی ہے' ہمارے ساتھ گوجرانوالہ کے زبیر سعید شیخ صاحب تھے' یہ بہت پڑھے لکھے' سمجھ دار اور شان دار انسان ہیں' انھوں نے بخارہ سے پانچ لاکھ سم میں دو قراقلی ٹوپیاں خریدیں' یہ اس کارنامے پر بہت خوش تھے۔
ان کا کہنا تھا دکان دار نے ان سے ایک ٹوپی کے چھ لاکھ سم مانگے تھے لیکن میں پانچ لاکھ میں دو خرید لایا' ہم دو دن ان کی دوسری ٹوپی نیلام کرتے رہے لیکن بدقسمتی سے سودا نہیں ہو سکا' شیخ صاحب کا خیال ہے میں اب یہ گوجرانوالہ میں فروخت کروں گا لہٰذا گوجرانوالہ کے شہریوں کے لیے وارننگ ہے ٹوپی آ رہی ہے خریداری کا بندوبست کر لیں' شیخ صاحب کا کہنا تھا یہ میری زندگی کی مہنگی ترین ٹوپی ہے' میں اب کہہ سکتا ہوں میں ازھائی لاکھ کی ٹوپی پہنتا ہوں' مجھے اس مرتبہ یہ بھی پتا چلا بادام بھی زندہ اور مردہ ہوتے ہیں۔
یہ لوگ تازہ باداموں کو زندہ اور پرانے باداموں کو مردہ کہتے ہیں' ان کا خیال ہے مردہ باداموں میں تیل کم ہو جاتا ہے چناں چہ ان کی افادیت اور تاثیر کم ہو جاتی ہے جب کہ تازہ بادام میں یہ دونوں خوبیاں وافر مقدار میں ہوتی ہیں' میں روزانہ بادام کھاتا ہوں' میں نے دنیا جہاں کے بادام ٹرائی کیے لیکن آپ یقین کریں ازبکستان کے باداموں کا کوئی مقابلہ نہیں' آپ کو اگر ایک مرتبہ ان کا ذائقہ لگ گیا تو پھر آپ پوری زندگی ان سے پیچھا نہیں چھڑا سکیں گے۔
ازبکستان اسلامی ملک' مذہبی ملک ہے' آپ کو پورے ملک میں صاف ستھری مسجدیں ملتی ہیں' ان میں نماز بھی ہوتی ہے' لوگ بھی مذہبی ہیں' آپ کو حجاب میں عورتیں بھی دکھائی دیتی ہیں لیکن اس کے باوجود کسی جگہ شدت نہیں' لوگ مذہبی گفتگو نہیں کرتے' کسی سے اس کا عقیدہ نہیں پوچھتے' نماز صرف مسجد یا گھر پر پڑھی جا سکتی ہے' کسی عوامی مقام پر نماز کی اجازت نہیں' ہمارے گائیڈ داستان نے بتایا' ہم اسلامی ملک نہیں مسلمان ملک ہیں چناں چہ یہاں دوسرے مذہب کے لوگ محفوظ ہیں' ہم کھلے دل کے ساتھ انھیں قبول کرتے ہیں' تمام مساجد حکومت کے کنٹرول میں ہیں' امام حکومت تعینات کرتی ہے اور یہ تعلیم بھی حکومتی مدارس میں حاصل کرتا ہے' امام صرف نماز پڑھا سکتا ہے' اسے کسی قسم کی تقریر کی اجازت نہیں' خطبہ حکومت بھجواتی ہے اور امام اسے پڑھنے کا پابند ہوتا ہے۔
ملک میں تبلیغ کی اجازت نہیں' ان کا خیال ہے ہم نے جتنا مسلمان بننا تھا ہم بن چکے ہیں' ہمیں مزید تبلیغ کی ضرورت نہیں' تمام ریستورانوں میں ڈنر کے وقت موسیقی اور ناچ گانا چلتا ہے' جس میں گھریلو عورتیں بھی شریک ہو جاتی ہیں' شراب عام دستیاب ہے لیکن کوئی شخص سرعام نہیں پی سکتا' لوگ صرف ریستورانوں میں شراب نوشی کر سکتے ہیں یا ہوٹل یا گھر میں اور ہم نے پورے ملک میں کسی شخص کو لڑتے جھگڑتے نہیں دیکھا بلکہ ہم نے کسی شخص کو اونچی آواز میں کسی سے مخاطب ہوتے بھی نہیں دیکھا' کیوں؟ میرے پاس اس کا کوئی جواب نہیں' میرے پاس اس سوال کا بھی کوئی جواب نہیں اگر یہ لوگ مسلمان ہیں تو پھر ہم کیا ہیں؟ دوسرا اگر یہ لوگ پوری قوم میں نظم و ضبط پیدا کر سکتے ہیں تو ہم کیوں نہیں؟ کیا آپ کے پاس ان دو سوالوں کا جواب ہے؟

## بقیہ 3

مارے گئے ہیں۔
مثلاً جنگ شروع ہونے کے ایک ماہ بعد (نومبر دو ہزار تئیس) اسرائیلی سکیورٹی ذرائع نے غزہ میں ایک ہزار جنگجو ختم کرنے کا دعویٰ کیا۔ اگلے ہی مہینے یہ تعداد کم کر کے سات ہزار آٹھ سو سات جنگجو ہوگئی۔ فروری دو ہزار چوبیس میں فوج نے دعویٰ کیا کہ اس نے اب تک تیرہ ہزار جنگجو مار دیے ہیں۔ لیکن ایک ہفتے بعد ہی تیرہ ہزار میں سے ایک ہزار کم کر دیے۔ اگست دو ہزار چوبیس میں دعویٰ کیا گیا کہ اب تک سترہ ہزار جنگجو مار دیے گئے ہیں مگر دو ماہ بعد اکتوبر میں کہا گیا کہ چودہ ہزار مرے ہیں۔ ظاہر ہے جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے۔
اسرائیلی ملٹری انٹیلی جنس کے ایک ذریعے نے بتایا کہ اگر مختلف بریگیڈ کمانڈروں کے دعوؤں کو تسلیم کر لیا جائے تو اب تک انھوں نے جنگجوؤں کی اصل تعداد سے بھی دو سو گنا زائد جنگجو مار دیے ہیں۔ بظاہر اسرائیلی اسٹیبلشمنٹ اموات کے بارے میں فلسطینی وزارتِ صحت کے اعداد و شمار کو ہمیشہ چیلنج کر کے محض پروپیگنڈہ قرار دیتی ہے۔ مگر عسکری اور انٹیلی جنس ذرائع ان اعداد و شمار کو نہ صرف درست سمجھتے ہیں بلکہ ان ہی کی روشنی میں اپنی رپورٹیں اور تجزیے بھی مرتب کرتے ہیں۔
چلیے مان لیتے ہیں کہ اسرائیلی قیادت کے جھوٹ کے برعکس اسرائیلی انٹیلی جنس کے کلاسیفائیڈ ڈیٹا نے حقیقت بیان کر دی ہے کہ اب تک مرنے والوں میں سے صرف سترہ فیصد ایسے ہیں جو قومی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہونے کے سبب واجب القتل تھے۔ مگر یہ سچ معلوم ہونے کے بعد کیا کریں؟ اس حقیقت کا اچار ڈالیں؟
دنیا کی کتنی ریاستیں ہیں جو عالمی عدالتِ انصاف اور اس کے فیصلوں کا دم بھرتی ہیں مگر اس عدالت نے جن اسرائیلیوں کو اشتہاری قرار دے رکھا ہے وہ دندناتے ہوئے دنیا بھر میں گھوم رہے ہیں اور کوئی ایک ملک بھی ایسا نہیں جو ان اشتہاریوں کو اپنی بری، بحری یا فضائی حدود سے گزرتے ہوئے حراست میں لے کر دی ہیگ میں قائم عدالت کے حوالے کر سکے۔ چنانچہ اسرائیل نے تراسی فیصد سویلین مارے یا سو فیصد جنگجو قتل کیے۔ اس انکشاف سے دنیا کو کیا فرق پڑتا ہے؟

## بقیہ 4

باوجود، بیوروکریٹک تاخیر اور بوجھل طریقہ کار سرمایہ کاروں کو پریشان کرتے ہیں۔ مزید یہ کہ کام کروانے یا حکومت سے منظوری حاصل کرنے کے لیے "کرپشن" یا "سہولت فیس" کا رواج ایک اور عنصر ہے جس کے غیر ملکی سرمایہ کاری پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ چوتھا، غیر ملکیوں کی ذاتی سلامتی اور ان کی سرمایہ کاری کے تحفظ کے مسائل بیرونی سرمایہ کاری کی راہ میں دیگر رکاوٹیں ہیں۔ غیر ملکی دورے اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے وعدے بھی سیاسی، اقتصادی اور سماجی ماحول کو بہتر بنانے کا متبادل

